**SET-1**

**Series : GBM/1/C**

کوڈ نمبر
**Code No. 264/1/1**

**Roll No.** | | | | | | | | رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ لیجئے کہ اِس پرچہ میں چھپے صفحات کی تعداد **11** ہے۔
- پرچہ کے اُوپر دائیں طرف چھپا کوڈ نمبر طلبا کو اپنی جواب کاپی کے اُوپری صفحہ پر لِکھنا ہوگا۔
- آپ جانچ لیجئے کہ اِس پرچہ میں **23** سوال ہیں۔
- **کسی سوال کا جواب لِکھنا شروع کرنے سے پہلے اُسکا سلسلہ وار نمبر جواب کاپی میں لکھ لیجئے۔**
- پرچہ کے سوالوں کو پڑھنے کے لئے آپکو 15 منٹ کا زائد وقت مہیا کیا گیا ہے۔ پرچہ 10 بجکر 15 منٹ تک طلبا میں بانٹ دیا جائیگا۔ 10 بجکر 15 منٹ سے 10 بجکر 30 منٹ تک کے وقت میں آپ پرچہ کے سوالات کو پڑھینگے۔ اِس وقت کے دوران آپ سوالوں کے جواب لکھنا شروع نہیں کر سکتے۔

- Please check that this question paper contains **11** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **23** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 Minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اکاؤنٹینسی (کھاتہ داری)

# ACCOUNTANCY

مقررہ وقت : 3 گھنٹے | کُل نمبر : 80

*Time allowed : 3 hours* | *Maximum marks : 80*



collegedunia.com
India's largest Student Review Platform

**عام ہدایات :**

(i) اِس پرچہ کے دو حِصّے A اور B ہیں۔

(ii) حِصّہ A سبھی طُلبا کے لئے **لازمی** ہے۔

(iii) حِصّہ B کے دو آپشن ہیں۔ آپشن-I (مالیاتی بیان کا تجزیہ) اور آپشن-II ( کمپیوٹری کھاتہ داری)۔

(iv) حِصّہ B سے صرف **ایک** ہی آپشن کے سوالات کے جواب لکھئے۔

(v) کسی ایک سوال کے **سبھی** حِصّوں کے جواب ساتھ ساتھ لکھئے۔

## حِصّہ - A

## (ساجھے داری فرموں اور کمپنیوں کے لئے کھاتہ داری)

## (Accounting for Partnership Firms and Companies)

1. اپنے داخلے کے وقت ایک نئے ساجھے دار کو ساکھ کے لئے تعاون کیوں کرنا چاہیے ؟ **1**

2. X، Y اور Z حصہ دار تھے اور ان کی نفع ونقصان میں حصہ داری 2 : 2 : 3 کے تناسب سے تھی۔ Z سبکدوش ہو گیا اور اس کی دین داری کی رقم 85,000 ₹ تھی۔ 5,000 ₹ اس کو فوراً ادا کر دیا گیا۔ باقی کی ادائگی اسے تین برابر سالانہ قسطوں میں 6% سالانہ سود کے ساتھ کرنی تھی۔ Z کی سبکدوش کی تاریخ پر مذکورہ کھاتے کے لئے ضروری روزنامچہ اندراج کیجیے۔ **1**

3. عدالت کے فرمان پر فرم کی تحلیل کے لئے کوئی ایک حالت بیان کیجیے۔ **1**

4. کیا نفع حصہ داری تناسب میں تبدیلی ساجھے داری کی تحلیل کا سبب ہوتی ہے؛ اپنے جواب کی تائید میں وجہ بتائیے۔ **1**



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

5. سبکدوش ساجھے دار کے نفع کے حصے کو باقی ساجھے دار کس تناسب میں حاصل کرتے ہیں ؟ 1

6. 'ملازمین اسٹاک آپشن پلان' کا کیا مطلب ہے ؟ 1

7. ساکشی، مہک اور میگھا کی فرم کی کل پونجی 1,00,000 ₹ ہے اور سود کی بازار شرح 15% ہے۔ گذشتہ تین سالوں کا خالص نفع بالترتیب 30,000 ₹ ، 36,000 ₹ اور 42,000 ₹ تھا۔ ساکھ کی قدر گذشتہ تین سالوں کے زائد منافع کی دو سالوں کی خریداری پر کرنا ہے۔ فرم کے ساکھ کا حساب لگائیے۔ 3

8. مدھر لمٹیڈ نے راسووا لمٹیڈ کی 3,90,000 ₹ کی اثاثہ جات اور 40,000 ₹ کی واجبات کو 4,00,000 ₹ میں لے لیا۔ 20% رقم کی ادائگی چیک کے ذریعہ اور باقی کی ادائگی 60 فیصد کے پریمیم پر فی 100 ₹ کے اکویٹی شیئر سے کی گئی۔ ان مبادلوں کے لئے مدھر لمٹیڈ کی کتاب میں ضروری روزنامچہ اندراجات کیجیے۔ 3

9. زانسا لمٹیڈ نے 100 ₹ فی شیئر کے 22,000 اکویٹی شیئر پبلک کے لئے 20 ₹ فی شیئر کے پریمیم پر جاری کیا۔ فی شیئر رقم کی ادائیگی اس طرح تھی - درخواست پر 30 ₹ ؛ الاٹمنٹ پر (پریمیئم کے ساتھ) 50 ₹ ؛ اور باقی پہلی اور آخری طالبی پر۔ لوگوں نے 20,000 شیئر کے لئے چندہ کیا۔ 1,000 شیئر کے ایک حصہ دار نے پہلی اور آخری طالبی رقم کی ادائیگی نہیں کی - کو چھوڑ کر سبھی طالبی پوری ہو گئی۔ اس کے شیئر ضبط کر لیے گئے۔ زانسا لمٹیڈ کے توازنی تختے میں 'شیئر پونجی' دکھائیے۔ نیز کھاتوں کے لئے نوٹس بل تیار کیجیے۔ 3

10. انوج، منوج اور دشا ایک فرم میں ساجھے دار تھے اور نفع و نقصان میں ان کی حصہ داری 1 : 2 : 2 کے تناسب سے تھی۔ یکم اپریل 2016 کو ساجھے داروں کی پونجی بالترتیب 3,00,000 ₹ ؛ 2,00,000 ₹ اور 1,00,000 ₹ تھی۔ ہر سال فرم اپنی کتاب 31 مارچ کو بند کرتی ہے۔ یکم جولائی 2016 کو دشا کا انتقال ہو گیا۔

(الف) دشا کی موت پر فرم کی ساکھ کی قدر 30,000 ₹ کیا گیا۔

(ب) دشا کی موت کی تاریخ تک نفع میں اس کا حصہ 12,000 ₹ لگایا گیا۔

دشا کی موت پر فرم کی کتابوں میں درج بالا کے لیے ضروری روزنامچہ اندراجات کیجیے۔ 3



collegedunia.com
India's largest Student Review Platform

.11 توبیشا اور دیویا ایک فرم کے ساجھے دار تھے جو حیدرآباد میں ٹفن خدمات فراہم کر رہے تھے۔ دیویا نے نوٹس کیا کہ دن کے آخر میں بہت سارا کھانا بچ جاتا ہے۔ کھانے کی بربادی سے بچنے کے لئے اس نے مشورہ دیا کہ اسے ضرورت مندوں میں تقسیم کر دیا جائے۔ توبیشا چاہتی تھی کہ اسے اگلے دن جانے والے کھانے میں ملا دیا جائے۔

اس کے بعد توبیشا نے یہ مشورہ دیا کہ اگر منافع میں اس کی حصہ داری بڑھا دی جائے تو بچے ہوئے کھانے کو مفت تقسیم کرنے میں اسے کوئی اعتراض نہیں ہے۔ دیویا خوشی سے راضی ہوگئی۔ اس لئے انہوں نے فوری طور پر اپنے منافع تناسب کو 2 : 3 کے تناسب میں بدلنے کا فیصلہ لیا۔ منافع تناسب میں تبدیلی کی تاریخ کو فرم کی ساکھ کی قدر 50,000 ₹ کا اندازہ لگایا گیا۔

(الف) ساکھ کا کھاتہ تیار کرنے کے لئے ضروری روزنامچہ اندراج کیجئے۔

(ب) توبیشا اور دیویا کے رویہ سے ظاہر کنہیں دو قدروں کو بیان کیجئے۔ 4

.12 پرایوج لمٹیڈ نے مکمل طالبی 10 ₹ فی کے 2,000 شیئرز ضبط کر لیے جن پر انہیں 14,000 ₹ وصول ہوئے تھے۔ ضبط شدہ شیئرز میں سے 50 شیئرز کو 9 ₹ فی شیئر کی مکمل ادائیگی پر دوبارہ جاری کر دیا گیا۔

شیئرز کی ضبطی اور ازسرنو اجراء کی ضروری روزنامچہ اندراجات مکمل کیجئے۔ ضبطی شیئر کھاتہ بھی تیار کیجئے۔ 4

.13 (الف) مندرجہ ذیل 12% قرض ناموں کے اجراء پر ضروری روزنامچہ اندراج کیجئے: 6

نندن لمٹیڈ نے 100 ₹ فی کے 90,000 ₹ کے 12% قرض ناموں (ڈبنچرز) کا اجراء 5% کے بٹے پر کیا۔ یہ قرض نامے 110% پر بازیافت تھے۔

(ب) مندرجہ ذیل قرض ناموں کی بازیافتگی پر روزنامچہ اندراج کیجئے۔

(i) کپڑ لمٹیڈ نے 100 ₹ فی کے 14% قرض نامے 1,90,000 ₹ کے بازیافت پر 10 ₹ فی کے 25 فیصد پریمئم پر اکویٹی شیئر میں بدل کر جاری کیا۔

(ii) راہٹیک لمٹیڈ نے فوراً رد کرنے کے لئے اپنے 100 ₹ فی کے 3,000 ، 12 فیصد ڈبنچرز کی خریداری 96 ₹ فی ڈبنچرز کی شرح سے کیا۔

ڈبنچر بازیافتگی ذخیرہ، ڈبنچر بازیافتگی سرمایہ کاری اور سود کا اندراج نہیں کرنا ہے۔



collegedunia
India's largest Student Review Platform

14. مختلف اثاثوں (نقد کے علاوہ) اور تیسری پارٹی کی واجبات کا وصولی کھاتے میں ٹرانسفر کرنے کے بعد 31 مارچ 2016 کو امن اور رجت کے فرم کی تحلیل پر مندرجہ ذیل مبادلوں کے لئے ضروری روزنامچہ اندراج کیجئے۔ وہ نفع و نقصان میں 1 : 2 کے تناسب سے حصہ دار تھے۔ 6

(الف) بٹہ کے تحت 10,000 ₹ کا تبادلہ بل تھا۔ یہ مبادلہ بل ڈریک سے ملا تھا جو دیوالیہ ہو گیا تھا۔

(ب) 30,000 ₹ کے واجب الادا بل جو 30 اپریل 2016 کو قابل ادا تھے، کی ادائیگی 29,550 ₹ میں کی گئی۔

(ج) 30,000 ₹ کے قرض خواہوں نے 10,000 ₹ کا اسٹاک 10 فیصد کے بٹے پر لے لیا اور انہیں باقی ادائیگی نقد کی گئی۔

(د) ایک پرانے ٹائپ رائٹر کو پوری طرح قلم زد کر دیا گیا۔ اس کا تخمینہ قیمت فروخت 600 ₹ تھی۔ اسے رجت نے تخمینہ قیمت سے 25 فیصد کی کمی پر لے لیا۔

(ہ) 1,000 ₹ کی تنخواہ پر امن نے تحلیلی عمل مکمل کرنے پر رضامندی دی اور وہ سبھی وصولی اخراجات بھی کرے گا۔ اصل وصولیل پر خرچ 800 ₹ کی ادائیگی فرم نے کی۔

(و) تحلیل پر 54,000 ₹ کا خسارہ ہوا۔

15. پیا اور بینا ایک فرم میں ساجھے دار ہیں اور نفع و نقصان میں ان کی حصہ داری 2 : 3 کے تناسب سے ہے۔ 31 مارچ 2016 کو فرم کا تختہ توازن مندرجہ ذیل تھا : 6

| واجبات | | رقم (₹) | اثاثہ جات | رقم (₹) |
|---|---|---|---|---|
| پونجی : پیا | 80,000 | | متفرق اثاثے | 1,20,000 |
| بینا | 40,000 | 1,20,000 | | |
| | | **1,20,000** | | **1,20,000** |

31 مارچ 2016 کو اختتامی سال کے منافع 30,000 ₹ کی حصہ داری میں پونجی پر 12 فیصد سالانہ سود اور پیا کو 1,000 ₹ ہر ماہ تنخواہ لگائے بغیر تقسیم کر دیا گیا۔ سال کے دوران پیا نے 8,000 ₹ نکالے اور بینا نے 4,000 ₹ نکالے۔

غلطی اصلاح کے لئے ضروری روزنامچہ اندراج تیار کیجئے اور ورکنگ نوٹس بنایئے۔



collegedunia India's largest Student Review Platform

16. نائٹرو پینٹس لمٹیڈ نے 10 ₹ فی کے 1,60,000 اکویٹی شیئرز کو 3 ₹ فی حصہ کے پریمیم پر جاری کرنے کے لئے درخواستیں طلب کیں۔ رقم کی ادائیگی مندرجہ ذیل طور پر کرنی تھی :

درخواست پر 6 ₹ فی شیئر (1 ₹ پریمیئم کے ساتھ)

الاٹمنٹ پر 3 ₹ فی شیئر (1 ₹ پریمیئم کے ساتھ)

پہلی اور آخری طالبی پر باقی سب۔

1,80,000 حصص کے لئے درخواستیں موصول ہوئیں۔ 10,000 حصص کے لئے درخواستوں کو رد کر دیا گیا۔ باقی درخواست کنندگان کو تناسبی بنیاد پر حصص کا الاٹمنٹ کر دیا گیا۔ درخواست پر حاصل زائد رقم کا الاٹمنٹ پر واجب رقم میں تسویہ کر لیا گیا۔ آدتیہ کے علاوہ جسے 3,200 حصص کا الاٹمنٹ کیا گیا سبھی طالبی مانگ لی گئیں اور حاصل ہو گئیں۔ ضبط کئے گئے حصص میں سے نصف حصص کو مکمل ادائیگی کے طور پر 43,000 ₹ کے لئے دوبارہ جاری کر دیا گیا۔

مذکورہ مبادلوں کے لئے نائٹرو پینٹس لمٹیڈ کی کتابوں میں ضروری روزنامچہ اندراج کیجئے۔ 8

یا

میڈی لمٹیڈ نے 100 ₹ فی کے 27,000 حصص کا اجراء کرنے کے لئے درخواستیں طلب کیا۔ ادائیگی مندرجہ ذیل طور پر کرنی تھی :

درخواست پر 50 ₹ فی حصہ

الاٹمنٹ پر 10 ₹ فی حصہ

پہلی اور آخری طالبی پر بقیہ۔

40,000 حصص کے لئے درخواستیں موصول ہوئیں۔ 7,000 حصص کے درخواست کنندگان کو مکمل الاٹمنٹ کر دیا گیا۔ باقی درخواست کنندگان کو تناسبی بنیاد پر 20,000 حصص کا الاٹمنٹ کر دیا گیا۔ درخواست پر وصول زائد رقم کا تسویہ الاٹمنٹ اور درخواست پر قابل ادا رقم میں کر لیا گیا۔

600 حصص کی ایک حصہ دار آشا، جو اس درجہ سے متعلق تھی جسے مکمل الاٹمنٹ کیا گیا تھا، نے طالبی رقم کو الاٹمنٹ کے وقت ادا کر دیا تھا۔ انکر جو اس درجہ سے متعلق تھا جسے حصص کا الاٹمنٹ، تناسبی بنیاد پر کیا گیا تھا نے اپنے 200 حصص پر درخواست کے بعد کوئی ادائیگی نہیں کی تھی۔ ان حصص کو پہلی اور آخری طالبی کے بعد ضبط کر لیا گیا۔ ان حصص کو بعد میں 105 ₹ فی حصہ میں مکمل ادائیگی کے طور پر دوبارہ جاری کر دیا گیا۔

جہاں ضرورت ہو ایریر طالبی کھاتہ اور ایڈوانس طالبی کھاتہ کھول کر مندرجہ بالا مبادلوں کے لئے میڈی لمٹیڈ کی کتابوں میں ضروری روزنامچہ اندراجات کیجئے۔ 8



collegedunia India's largest Student Review Platform

17. 31 مارچ 2016 کو مدھو اور ودھی جن کی نفع میں حصہ داری 3 : 2 کے تناسب سے تھی کا تختہ توازن مندرجہ ذیل ہے :

| واجبات | رقم (₹) | اثاثہ جات | | رقم (₹) |
|---|---|---|---|---|
| مدھو کی پونجی | 5,20,000 | زمین اور عمارت | | 3,00,000 |
| ودھی کی پونجی | 3,00,000 | مشینری | | 2,80,000 |
| عام ذخیرہ | 30,000 | اسٹاک | | 80,000 |
| قابل ادا بل | 1,50,000 | دیندار | 3,00,000 | |
| | | خسارہ اہتمام | 10,000 | 2,90,000 |
| | | بینک | | 50,000 |
| | **10,00,000** | | | **10,00,000** |

1 اپریل 2016 سے مدھو اور ودھی نے گائتری کو ایک نئے ساجھے دار کے طور پر داخل کرنے کا فیصلہ کیا۔ ان کا نیا منافع تناسب 5 : 3 : 2 ہوگا۔ گائتری اپنی پونجی کے لئے ₹ 4,00,000 اور ساکھ پریمیم میں اپنے حصہ کے لئے نقد رقم لائی۔

(الف) فرم کی ساکھ کی قدر ₹ 3,00,000 کی گئی۔

(ب) زمین اور عمارت کا تخمینہ ₹ 26,000 سے کم کیا گیا تھا۔

(ج) مشکوک قرضوں کے لئے اہتمام دینداروں کے 5% کے برابر کرنا تھا۔

(د) کام گاروں کے معاوضے کا ₹ 6,000 کا ایک دعویٰ تھا۔

ازسرنو اندازۂ قدر کھاتہ، ساجھے داروں کے پونجی کھاتے، چالو کھاتے اور ازسرنو منظّم فرم کا تختۂ توازن تیار کیجئے۔ 8

یا



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

اتیو، میہا اور نوپور ساجھے دار تھے اور نفع و نقصان میں 2 : 3 : 5 تناسب سے شریک تھے۔ 31-3-2016 کو ان کا تختہ توازن مندرجہ ذیل تھا :

| واجبات | رقم (₹) | اثاثہ جات | رقم (₹) |
|---|---|---|---|
| تجارتی لین دار | 26,500 | بینک | 25,000 |
| ملازمین پروویڈنٹ فنڈ | 23,500 | دین دار | 30,000 |
| اتیو کی پونجی | 1,00,000 | اسٹاک | 55,000 |
| میہا کی پونجی | 50,000 | قائم اثاثے | 1,20,000 |
| نوپور کی پونجی | 40,000 | اشتہاری خرچ | 10,000 |
| | **2,40,000** | | **2,40,000** |

1 اپریل 2016 کو اتیو سبکدوش ہو گیا۔ اس مقصد کے لئے مندرجہ ذیل تسویات پر رضامندی ہوئی :

(الف) ساکھ کی قدر سبکدوش کی تاریخ سے قبل تین سالوں کے اوسط نفع کے دو سالوں کی خریداری پر کیا جائے گا۔ 2013-2014 میں 55,000 ₹ ؛ 2014-2015 میں 65,000 ₹ اور 2015-2016 میں 60,000 ₹ گذشتہ سالوں کا نفع تھا۔

(ب) قائم اثاثوں کو 25,000 ₹ سے بڑھانا تھا۔

(ج) اسٹاک کا اندازۂ قدر 5,000 ₹ زائد کیا گیا تھا۔

(د) اتیو کو 20,000 ₹ کی ادائیگی فوراً کر دی گئی باقی کو اس کے قرض کھاتے میں منتقل کر دیا گیا۔

ازسرنو اندازۂ قدر کھاتہ، ساجھے داروں کے پونجی کھاتے اور ازسرنو منظّم فرم کا تختۂ توازن تیار کیجئے۔



collegedunia.com
India's largest Student Review Platform

## حِصّہ – B

## آپشن–I

## (مالیاتی گوشواروں کا تجزیہ)

## (Analysis of Financial Statements)

18. ایک خاص مدت کے دوران نقد روانی گوشوارہ جرأت کار کی مختلف سرگرمیوں سے 'نقد' اور 'نقد مساوی' اندرون اور بیرون روانی دکھاتا ہے۔ نقد روانی گوشوارہ تیار کرنے کے مقصد سے 'نقد' کا معنی بتلایئے۔ 1

19. کسی ایسی سرگرمی کی مثال دیجیئے جو ہر قسم کی جرأت کاری کے لئے ایک مالیاتی سرگرمی ہے۔ 1

20. (الف) کمپنی ایکٹ 2013 کی فہرست III کے مطابق مندرجہ ذیل مدات کو عنوان اور ذیلی عنوانوں میں (اگر کوئی ہو) درجہ بند کیجئے :

(i) پونجی کام ترقی پر

(ii) ضمانتوں کا اہتمام

(ب) 'مالیاتی گوشواروں کے تجزیہ' کے دو مقاصد بیان کیجئے۔ 4

21. (الف) سود اور ٹیکس کے بعد خالص نفع ₹ 1,00,000؛ چالو اثاثے ₹ 4,00,000؛ چالو واجبات ₹ 2,00,000؛ ٹیکس کی شرح 20%، قائم اثاثہ جات ₹ 6,00,000 ؛ 10% طویل مدتی قرض ₹ 4,00,000

سرمایہ کاری پر حاصل (ریٹرن) کا حساب لگایئے۔

(ب) ایک کمپنی کا لاگت پر کل منافع کی شرح 25% ہے۔ اس کا کل منافع ₹ 5,00,000 ؛ شیئر ہولڈرس کا فنڈ 12,00,000 ؛ چالو واجبات ₹ 3,00,000 اور چالو اثاثے ₹ 10,00,000 ہے۔

اس کا ورکنگ کیپٹل ٹرن اوور تناسب کا حساب لگایئے۔ 4



collegedunia.com
India's largest Student Review Platform

22. 31 مارچ 2015 اور 2016 کو ختم ہوئے سالوں کے لئے اسٹار لمٹیڈ کے مندرجہ ذیل نفع و نقصان گوشوارے سے عام سائز کا گوشوارہ تیار کیجئے۔ **4**

| تفصیلات | نوٹ نمبر | 2015-16 (₹) | 2014-15 (₹) |
|---|---|---|---|
| آپریشن محاصل | | 25,00,000 | 20,00,000 |
| ملازمین منافع اخراجات | | 10,00,000 | 7,00,000 |
| دیگر اخراجات | | 2,00,000 | 3,00,000 |
| ٹیکس شرح 40% | | | |

23. مندرجہ ذیل معلومات سے سرمایہ کاری سرگرمیوں سے نقد روانی کا حساب لگایئے : **6**

| تفصیلات | 31 مارچ 2015 (₹) | 31 مارچ 2014 (₹) |
|---|---|---|
| زمین پر سرمایہ کاری | 16,00,000 | 6,00,000 |
| 10% طویل مدتی سرمایہ کاری | 2,50,000 | 4,00,000 |
| پلانٹ اور مشینری | 3,00,000 | 2,00,000 |
| ساکھ | 80,000 | 15,000 |

**اضافی معلومات :**

40,000 ₹ کی لاگت سے ایک مشین (جس پر 12,000 ₹ کی فرسودگی لگائی گئی تھی) کو 35,000 ₹ میں فروخت کیا گیا۔ سال کے دوران 60,000 ₹ کی فرسودگی لگائی گئی۔



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

## حِصّہ – B

## آپشن–II

## (کمپیوٹر کے ذریعے کھاتہ داری)

## (Computerized Accounting)

18. لچیلے پن طریقہ سے اعداد و شمار کو منظّم کرنے، عمل کرنے اور پوچھ تاچھ کرنے کے لئے استعمال کی جانے والے کنہیں دو سافٹ ویئر کا نام بتائیے۔ **1**

19. 'ڈاٹا بیس' کا کیا مطلب ہے؟ **1**

20. 'فارم' کا کیا مطلب ہے؟ 'اسپلیٹ فارم'، 'سمپل فارم' سے کس طرح مختلف ہے؟ **4**

21. سافٹ ویئر کی اس قسم کا نام بتائیے جو کثیر استعمال کنندگان اور مختلف مقامات پر منتشر بڑی کاروباری تنظیموں کی ضروریات پوری کرتا ہے۔ وضاحت کیجئے۔ **4**

22. کمپیوٹرائزڈ کھاتہ داری سافٹ ویئر کے کوئی چار فوائد بیان کیجئے۔ **4**

23. مندرجہ ذیل فارمیٹنگ آلات کو مثالوں سے واضح کیجئے :

(i) نمبر فارمیٹنگ

(ii) زر

(iii) فیصد

(iv) تاریخ **6**



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

collegedunia.com
India's largest Student Review Platform